**05.02.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........آسیہ میمونہ

**Music**

-------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ بھارت، عالمی نظام میں ایک بھروسے مند شراکت دار کے طور پر ابھرا ہے۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ حکومت، اصلاحات، کارکردگی اور تبدیلی کے وژن کے ساتھ پیشرفت کر رہی ہے اور ملک ریفام ایکسپریس پرسوار ہوچکا ہے۔

☆ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں نے شکریے کی تحریک کو صوتی ووٹ سے منظوری دے دی۔ لوک سبھا میں اپوزیشن کے ذریعے مسلسل خلل اندازی کرنا جاری رہا۔

☆ مرکز، ناگالینڈ سرکار اور ایسٹرن ناگالینڈ پیپلز آرگنائزیشن نے، فرنٹیئر ناگالینڈ ٹیریٹوریل اتھارٹی کی تشکیل دینے کیلئے سمجھوتے پر دستخط کئے ہیں۔

☆ میگھالیہ میں مشرقی Jaintia Hills میں کوئلے کی کان میں ہوئے دھماکے میں 18افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔ ریاستی سرکار نے تحقیقات کا حکم جاری کیا ہے۔

☆ اور کرکٹ میں خواتین کے پریمیر لیگ کے فائنل میں، رائل چیلنجرس بینگلورو اور ڈیلی کیپٹلس کے درمیان وڈودرہ میں میچ جاری ہے۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**RS Motions of Thanks**

وزیراعظم نریندر مودی نے یقین ظاہر کیا کہ بھارت عالمی اسٹیج پر مقابلہ آرائی کیلئے پوری طرح تیار ہے اور اعتماد اور فیصلہ کُن پالیسی اصلاحات کے ساتھ دنیا کی تیسری بڑی معیشت بننے کی جانب گامزن ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ حکومت، اصلاح یعنی Reform، کارکردگی یعنی Perform اور بدلاؤ یعنی Transform کے وژن کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے اور ملک Reform ایکسپریس میں سوار ہوچکا ہے۔ وزیراعظم آج راجیہ سبھا میں صدرجمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک پر بحث کا جواب دے رہے تھے۔

**2100 Modi On Reform Express**

امریکہ اور یوروپی یونین سمیت مختلف ملکوں کے ساتھ تجارتی سمجھوتوں پر دستخط کئے جانے پر اظہارِ خیال کرتے

ہوئے جناب مودی نے کہا کہ ملک نے 9 ملکوں کے ساتھ تجارتی سمجھوتوں کو حتمی شکل دی ہے اور حال ہی میں یوروپی یونین کے 27 ملکوں کے ساتھ سب سے اہم ترین سمجھوتہ کیا ہے۔

**2100 Modi On Trade Deal**

اُنہوں نے واضح کیا کہ امریکہ کے ساتھ تجارتی سمجھوتے کے بعد دنیا زیادہ پُراعتماد ہوگئی ہے، جو کہ دنیا کیلئے مثبت اشارہ ہے۔ وزیراعظم مودی نے کہا کہ بھارت بہت سارے ملکوں کا بھروسے مند ساجھیدار رہا ہے۔ کیونکہ یہ دنیا کی بہبود میں اپنا رول ادا کررہا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ بھارت عالمی پلیٹ فارمس پر عالمی خطے جنوب کی مضبوط آواز بن کر اُبھرا ہے۔ جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ بڑے ممالک بھی بھارت کے ساتھ تجارتی تعلقات قائم کرنے کے خواہشمند ہیں۔

وزیراعظم نے کہا کہ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس کے دوران صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے گزشتہ سال وِکست بھارت کی جانب بھارت کے سفر کو اُجاگر کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ بڑی معیشتوں کے درمیان ملک کی ترقی کا رجحان بہت زیادہ ہے اور افراطِ زر کم ہے، جو کہ بھارتی معیشت کی مضبوطی کی عکاسی کرتا ہے۔ وزیراعظم نے کل لوک سبھا کی کارروائی کے دوران کانگریس پارٹی پر اُس کے ناشائستہ رویے کی بنا پر تنقید کی۔ اُنہوں نے کہا کہ یہ صدر جمہوریہ کے عہدے، قبائلی برادری اور آئین کی توہین ہے۔

جناب مودی نے پارلیمنٹ ہاؤس احاطے میں لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر راہل گاندھی کی جانب سے مرکزی وزیر رونیت سنگھ بٹو کے خلاف نازیبا تبصرہ کرنے پر جناب گاندھی کی نکتہ چینی کی۔

وزیراعظم نے اِن نازیبا تبصروں کو سکھ برادری کی توہین بتاتے ہوئے اِسے افسوسناک قرار دیا۔ وزیراعظم نے TMC کی قیادت والی مغربی بنگال حکومت پر دراندازوں کو تحفظ فراہم کرنے اور عدالتوں پر دباؤ بنانے کا الزام عائد کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ یہ درانداز، ملک کے نوجوانوں کے حقوق چھین رہے ہیں۔

فلاح و بہبود کی متعدد اسکیموں کی حصولیابیوں پر اظہارِخیال کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ مُدرا اسکیم کے تحت ملک کے نوجوانوں میں 30 لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے ایسے قرض فراہم کئے گئے ہیں، جنہیں حاصل کرنے کیلئے کچھ بھی گروی رکھنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے 28 جنوری کو پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کیا تھا۔ اِس سے پہلے بحث میں حصہ لیتے ہوئے BJP کی رکن پارلیمنٹ مایا نرولیا نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں ملک سال 2047 تک وِکست بھارت بننے کے ہدف کی جانب لگاتار پیش قدمی کررہا ہے۔

عام آدمی پارٹی کے سندیپ کمار پاٹھک نے الزام لگایا کہ ہر ادارے کا غلط استعمال کیا جارہا ہے۔ وہیں TDP کے KR سریش نے کہا کہ GST میں کی گئی اصلاحات قابل ستائش ہے۔ جناب سریش نے کہا کہ 24 کروڑ سے زیادہ شہریوں کو غربت سے باہر نکالنا اور جَل جیون مشن کے تحت نَل کے پانی کا کنکشن فراہم کرنا قابل تعریف ہے۔ راجیہ سبھا نے وزیراعظم نریندر مودی کی تقریر کے بعد صدرجمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک کو صوتی رائے دہی سے منظور کرلیا۔ اِس سے پہلے لوک سبھا نے بھی آج شکریے کی تحریک کو منظوری دے دی تھی۔ اِس کے بعد راجیہ سبھا کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔×

## Goyal US Trade Deal

کامرس اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ بھارت اور امریکہ کے درمیان باہمی تجارتی معاہدے کا پہلا حصہ تقریباً تیار ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ بھارت کو توقع ہے کہ وہ تقریباً چار–پانچ دن میں دونوں ملکوں کے درمیان ایک مشترکہ بیان کو حتمی شکل دے دے گا اور اُس پر دستخط کئے جائیں گے۔ جناب گوئل نے یہ بات آج نئی دلّی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انھوں نے کہا کہ مشترکہ بیان پر دستخط کرنے کے بعد امریکہ محصول کو کم کرکے 18 فیصد کرنے کا ایگزکیٹیو آرڈر جاری کرے گا۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ مشترکہ بیان کے بعد ایک باقاعدہ سمجھوتے کا بھی مسودہ تیار کیا جارہا ہے، جس پر وسط مارچ میں دستخط کئے جانے کی توقع ہے۔x

## Jaishankar Trade Deal

وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت–امریکی تجارتی تاریخی سمجھوتہ اپنے آخری مراحل میں ہے اور تفصیلات جلد ہی پوری ہوجائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ تجارتی سمجھوتے سے بھارت اور امریکہ کے باہمی رشتوں میں زبردست امکانات پیدا ہوئے ہیں اور نئے ابواب کھلے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، جناب جے شنکر نے امریکہ کے اپنے حالیہ دورے کے بارے میں تحریر کیا۔ انھوں نے کہا کہ اُن کا دورہ کارآمد اور مثبت رہا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بھارت کا اہم معدنیاتی تعاون بھی تیزی کے ساتھ پیشرفت کر رہا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ آنے والے دنوں میں، جامع معاملات، دفاع اور توانائی سے متعلق بات چیت ہوگی۔x

## MEA Friefing

بھارت نے آج کہا ہے کہ ایک ارب 40 کروڑ بھارتیوں کیلئے توانائی کی یقینی فراہمی سرکار کی اولین ترجیح ہے۔ وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے آج تیسرے پہر نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بازار کے حالات اور بین الاقوامی اتار چڑھاؤ کو مدنظر رکھتے ہوئے، سبھی بھارتیوں کیلئے توانائی کی یقینی فراہمی، حکومت کی اہم اور بنیادی حکمتِ عملی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے اِس سلسلے میں تمام ضروری اقدامات کئے ہیں اور مزید اقدامات کئے جائیں گے۔ وینزوئیلا کے تیل کے بارے میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے جناب جیسوال نے کہا کہ وینزوئیلا توانائی کے شعبے میں بھارت کا طویل مدتی شراکت دار رہا ہے، جس میں تجارت اور سرمایہ کاری کا احاطہ ہوتا ہے۔ترجمان نے کہا کہ یہ امر توانائی کے تحفظ کے تئیں بھارت کی رسائی کے ساتھ مربوط ہے اور بھارت وینزوئیلا سمیت خام تیل کی فراہمی کے کسی بھی نئے متبادل کے تجارتی فوائد کو تلاش کرنے کیلئے ہمیشہ تیار ہے۔x

## Shah FNTA

مرکزی حکومت، ناگالینڈ سرکار اور ایسٹرن ناگالینڈ پیپلز آرگنائزیشن ENPO نے فرنٹیئر ناگالینڈ ٹیریٹوریل اتھارٹی FNTA کی تشکیل کیلئے ایک سمجھوتے پر دستخط کئے ہیں۔ اِس سمجھوتے پر آج نئی دلّی میں مرکزی وزیر داخلہ

امت شاہ کی موجودگی میں دستخط کئے گئے۔ ناگالینڈ کے وزیر اعلیٰ Nephiu Rio بھی اِس موقع پر موجود تھے۔ سمجھوتے پر دستخط کرنے کے موقع پر بات کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ یہ ناگالینڈ کے عوام کیلئے ایک یادگاری لمحہ ہے۔ انھوں نے کہا کہ حکومت نے، وزیر اعظم نریندر مودی کے تنازع سے آزاد، تشدد سے آزاد اور ترقی یافتہ شمال مشرق کے وژن کے مطابق ایک اور قدم آگے بڑھایا ہے۔ انھوں نے یہ کہتے ہوئے وزارت داخلہ کے حکام کی ستائش کی کہ انھوں نے ENPO اور ناگالینڈ سرکار کے درمیان ایک پُل کا کام کیا ہے، جس کی وجہ سے یہ حل نکلا ہے۔انھوں نے ENPO کے لوگوں کو مزید یقین دہانی کرائی کہ حکومت، مشرقی ناگالینڈ کی ترقی کیلئے مدد فراہم کرے گی۔

**S/B Shah**

اسی دوران، ناگالینڈ کے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یہ تاریخی سمجھوتہ، مساوی اور شمولیاتی حکمرانی کو یقینی بنانے اور ریاست کے تمام خطوں تک پہنچنے کی کوشش کو جاری رکھنے کے حکومت کے عہد کی عکاسی کرتا ہے۔x

## Shah Bharat Taxi

داخلی امور اور امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے امدادِ باہمی پر مبنی بھارت کے پہلے رائیڈ پلیٹ فارم بھارت ٹیکسی کا آج نئی دِلی میں باضابطہ افتتاح کیا۔ بھارت ٹیکسی، کثیر ریاستی امدادِ باہمی سوسائٹیوں کے قانون 2002 کے تحت رجسٹرڈ بھارت کا پہلا امدادِ باہمی پر مبنی رائیڈ پلیٹ فارم ہے۔ یہ پلیٹ فارم صفر کمیشن اور قیمتوں میں اضافہ نہ ہونے کے ماڈل پر مبنی ہے، جس میں منافع سیدھے ڈرائیوروں میں تقسیم کیا جائے گا۔ اِس کے علاوہ یہ غیرملکی سرمایہ کاری پر مبنی پلیٹ فارمس کا سودیشی متبادل پیش کرے گا۔

**2045 Amit Shah on Bharat Taxi**

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ امدادِ باہمی پر مبنی ٹیکسی خدمات، ڈرائیوروں کی مدد کرے گی، اُن کی آمدنی میں اضافہ کرے گی اور اُنہیں خوشحال بنائے گی۔

اِس موقع پر کام کاج کو مستحکم کرنے، ڈیجیٹل طور پر بااختیار بنانے، سیفٹی اور خدمات کی فراہمی سے متعلق کلیدی سرکاری اور پرائیویٹ شراکت داروں کے درمیان 9 مفاہمت ناموں کا تبادلہ کیا گیا۔×

## PM Pariksha Pe Charcha

وزیر اعظم نریندر مودی پریکشا پہ چرچا کے 9ویں ایڈیشن میں کل صبح 10 بجے ملک بھر کے طلباء سے بات چیت کریں گے۔ اس پروگرام کا مقصد امتحانات کے دوران بچّوں میں ہونے والے تناؤ پر بات کرنا اور امتحانات کو ایک تہوار اور زندگی کے ایک اٹوٹ حصے کے طور پر اس کا جشن منانا ہے۔اس سال طلباء کے ساتھ بات چیت پر مبنی یہ سیشن Coimbatore،Devmogra ، رائے پور، گوہاٹی اور دہلی میں 7لوک کلیان مارگ پر منعقد کیا جائے گا۔وزارتِ تعلیم نے کہا کہ چار کروڑ پچاس لاکھ سے زیادہ طلباء، اساتذہ اور والدین نے My Gov Portal کے ذریعے اس پروگرام کیلئے اندراج کرایا ہے۔ یہ پروگرام دور درشن، وزیر اعظم کے یوٹیوب چینل اور وزارت تعلیم

کے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر براہ راست نشر کیا جائے گا۔ یہ پروگرام Waves OTT،Amazon Prime Jio،Video ، ZEE5 ، SonyLIV اور Spotify سمیت مختلف OTT پلیٹ فارمز پر بھی Live نشر کی جائے گی۔وزیر اعظم کے نظریے کے عین مطابق پریکشا پر چرچا کا مقصد طلباء میں قومی تعلیم پالیسی 2020 کے مطابق، اعتماد پیدا کرنا، مثبت رویے اور مجموعی بہتری کو فروغ دیتے ہوئے امتحانات سے متعلق ان کے تجربات کو ایک نئی شکل دینا ہے۔ہر سال طلباء، اساتذہ اور والدین کی بڑھتی ہوئی شمولیت کے ساتھ یہ پہل ملک گیر سطح پر ایک عوامی تحریک بن کر ابھری ہے۔×

## Meghalaya Blast

میگھالیہ میں آج صبح مشرقی Jaintia Hills کے Thangsko علاقے میں کوئلے کی ایک کان میں ہوئے دھماکے میں 18افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔ دیگر بہت سے افراد اب بھی کان کے اندر پھنسے ہوئے ہیں۔ بچاؤ اور تلاشی کی کارروائیاں جاری ہیں اور حکام اِس المیے سے ہونے والے پورے نقصان کا جائزہ لینے کی کوشش کر رہے ہیں۔ مشرقی Jaintia Hills کے سپرنٹنڈنٹ آف پولیس وِکاش کمار نے کہا ہے کہ پولیس اور قدرتی آفت کے بندوبست کی ٹیموں کو فوری طور پر جائے حادثے پر بھیج دیا گیا تھا۔ ابتدائی خبروں سے عندیہ ملتا ہے کہ یہ دھماکہ، ایک بہت زیادہ تیز ڈائینا مائیٹ دھماکے کی وجہ سے ہوا جس کا استعمال کانکنی کی سرگرمیوں کیلئے کیا جاتا ہے۔

اِس دھماکے سے متصل کانکنی کے حصے گِر پڑے، جس کی وجہ سے ورکر، بہت زیادہ گہرائی میں زیر زمین پھنس کر رہ گئے۔ ابتدائی تحقیقات سے پتہ چلا ہے کہ کانکنی کی یہ کارروائی، خطے میں Rat-Hole کانکنی کی کارروائی پر سرکار کی موجودہ پابندی کی خلاف ورزی میں غیر قانونی طور پر کی جارہی تھی۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس حادثے میں جانوں کے نقصان پر دُکھ کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے اِسے انتہائی دُکھ بھرا واقعہ قرار دیا اور زخمی ہونے والوں کی جلد صحت یابی کی دعا کی۔ انھوں نے فوت ہونے والے ہر شخص کے قریب ترین رشتے دار کو وزیر اعظم کے قومی راحت فنڈ سے دو لاکھ روپئے فی کس کی نقد رقم فراہم کرنے کا اعلان کیا۔ زخمیوں کو پچاس–پچاس ہزار روپئے دیئے جائیں گے۔وزیر اعلیٰ Conrad Sangma نے ایک ٹوئٹ میں جانوں کے نقصان گہرے دُکھ کا اظہار کیا ہے اور کان میں ہوئے اِس دھماکے کی تحقیقات کا حکم جاری کیا ہے۔ مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔x

## Delhi Police Missing Prsons

دِلی پولیس کے جوائنٹ کمشنر اور تعلقات عامّہ افسر سنجے تیاگی نے کہا ہے کہ دِلی میں پچھلے برسوں کے مقابلے گمشدہ لوگوں کے کیسز کی تعداد میں کوئی اضافہ نہیں ہوا ہے۔ اپنے پیغام میں جناب تیاگی نے کہا کہ اِس سال جنوری کے مہینے میں گمشدہ لوگوں کے رپورٹ شدہ کیسز کی تعداد گزشتہ برسوں کے اِسی عرصے کے مقابلے کم ہوئی ہے۔ اُنھوں نے مزید کہا کہ قومی راجدھانی میں گمشدہ لوگوں، خصوصاً بچوں کے غائب ہونے کے بارے میں پھیلائی جارہی افواہوں پر گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ جناب تیاگی نے مزید کہا کہ پولیس افواہیں پھیلانے والوں کے خلاف سخت کارروائی کرے گی۔×

**Shooting Champion Ship**

شوٹنگ میں بھارت کے سمرت رانا اور سروچی سنگھ نے آج نئی دِلی میں منعقدہ ایشین رائفل–پسٹل چمپئن شپ 2026 کے دس میٹر ایئر پسٹل مکسڈ ٹیم ایونٹ میں چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔ بھارتی جوڑی نے 479اعشاریہ چھ کا حتمی اسکور حاصل کیا اور ازبکستان کی ٹیم سے معمولی فرق سے پیچھے رہی۔ بھارت کے سینئر میڈل فہرست کی مجموعی تعداد اب پانچ ہوگئی ہے، جس میں دو سونے، دو چاندی اور ایک کانسے کا تمغہ شامل ہے۔×

**WPL Cricket**

خواتین پریمئر لیگ کرکٹ میں، وڈودرا کے کوٹامبی میں بی سی اے اسٹیڈیم میں فائنل میچ میں دہلی کیپٹلس نے رائل چیلنجرس بنگلورو کے سامنے جیت کیلئے 204رن کا نشانہ رکھا ہے۔

اس سے پہلے رائل چیلنجرس بنگلورو نے ٹاس جیتا اور گیندبازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ رائل چیلنجرس بنگلورو دوسری مرتبہ خطاب حاصل کرنے کی کوشش کر رہی ہے، جبکہ دہلی کیپٹلس اپنے تین بار رنر اپ رہنے کے بعد اس خطاب حاصل کرنے کی پوری کوشش کر رہی ہے۔ دہلی کیپٹلس Eliminator میں گجرات جائنٹس کو شکست دے کر لگاتار چوتھی بار WPL کے فائنل میں پہنچی ہے۔ یہ دوسری مرتبہ ہے کہ دہلی اور آر سی بی خواتین پریمئر لیگ کے فائنل میں آمنے سامنے ہیں۔ اس سے پہلے دونوں ٹیموں کا فائنل مقابلہ 2024 کے سیزن میں ہوا تھا۔

اس سال کے خواتین پریمئر لیگ سیزن کیلئے BCCI نے تقریباً 10 کروڑ روپے کی مجموعی انعامی رقم مختص کی ہے، جو ٹورنامنٹ کے مالی استحکام کی عکاسی کرتی ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆